ریفرنس نمبر: NRL-0185

تاریخ: 04-02-2025

مچھلی کے انڈے کھانا کیسا؟

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ مچھلی کے انڈے کھانا کیسا؟

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللّٰھم ھدایۃ الحق والصواب

مچھلی کے انڈے کھانا، جائز ہے، خواہ کچا ہو یا پکا؛ کیونکہ مچھلی حلال جانور ہے، اور اصول یہ ہے کہ ہر اس جانور کا انڈا کھانا حلال ہے جس کا گوشت حلال ہے، البتہ جب وہ خون ہو جائے اس صورت میں کھانا ناجائز ہے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے: ”فجمیع ما فی البحر من الحیوان یحرم اکلہ الا السمک خاصۃ فانہ یحل اکلہ “ترجمہ: تمام سمندری جانوروں کا کھانا حرام ہے سوائے مچھلی کے کہ اس کا کھانا حلال ہے۔ (فتاوی عالمگیری، جلد 5، صفحہ 289، مطبوعہ لاہور)

الموسوعۃ الفقھیہ الکویتیۃ میں ہے: ”ان خرج البیض من حیوان ماکول فی حال حیاتہ، او بعد تذکیتہ شرعا، او بعد موتہ، وھو مما لا یحتاج الی التذکیۃ کالسمک، فبیضہ ماکول اجماعا الا اذا فسد “ترجمہ: اگر حلال جانور کی زندگی میں یا اس کو شرعی طریقے سے ذبح کرنے کے بعد انڈا نکلا، یا ایسا جانور جس کو ذبح نہیں کیا جاتا جیسے مچھلی اس کی موت کے بعد انڈا نکلا تو اس کا انڈا بالاجماع کھا سکتے ہیں، مگر جب وہ خراب ہو جائے اس وقت کھانا جائز نہیں۔

(الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیۃ، جلد 1، صفحہ 153، مطبوعہ دار السلاسل)

الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیۃ میں ہے:" و ھو حل اکل بیض ما یوکل لحمہ من الحیوان "ترجمہ: ہر اس حیوان کا انڈا کھانا حلال ہے کہ جس کا گوشت کھانا حلال ہے۔

(الموسوعۃ الفقھیۃ الکوتیۃ، جلد8، صفحہ266،ب، مطبوعہ دار السلاسل)

اسی میں مزید ہے:"اذا استحالت البیضۃ دما صارت نجسۃ " ترجمہ: جب انڈا خون میں بدل جائے تو وہ نجس ہو جاتا ہے۔

(الموسوعۃ الفقھیۃ الکوتیۃ، جلد8، صفحہ267،ب، مطبوعہ دار السلاسل)

فتاوی رضویہ شریف میں اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"حلال جانور کا کچا پکا انڈا سب حلال ہے، ہاں وہ کہ خون ہو جائے نجس و حرام ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد21، صفحہ667، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

محمد ساجد عطاری

05شعبان المعظم1446ھ/04فروری2025ء

الجواب صحیح

مفتی ابو الحسن محمد ھاشم خان عطاری

فوڈز، ڈرنکس، کاسمیٹکس اور دیگر مصنوعات کی شرعی حیثیت جاننے کے لیے آپ حلال ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کا وزٹ کر سکتے ہیں یا ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں

halal@daruliftaahlesunnat.net

ایڈریس: 171،E1 بلاک، جامع مسجد فیضان نوری رضوی جوہر ٹاؤن، لاہور پاکستان